" روئے زمین پر جب تک قرآن پاک کی تلاوت ہوتی رہے گی حضرت سیدہ کی پاکیزگی وطہارت، عصمت و عفت کے ترانے گونجتے رہیں گے۔ اور لیل و نہار کی کوئی نابکار گردش آپ کی عصمت و عفت اور پاکیزگی وطہارت پر اپنا غبار نہیں پھینک سکے گی۔ لیکن یہ بات نہایت دکھے دل سے کہنی پڑتی ہے کہ بعض نام نہاد مسلمان دن رات آپ کی ذات گرامی پر سبّ وشتم کرتے ہیں۔ اور آپ پر سب وشتم اور تبرّا بازی ان کا دل پسند مشرب ہے"

اسی ضرورت کے پیش نظر فاضل مؤلف نے انتہائی سہل مختصر اور دل نشیں انداز میں دریا کو کوزہ میں بند کیا ہے۔ ہم اپنے قارئین سے اس کتاب کے مطالعہ کی پر زور سفارش کرتے ہیں۔ (م - ا - ف)

| سیرت امیر المؤمنین حضرت امیر معاویہؓ | مرتب :- حافظ نور محمد انور —— ناشر :- مکتبہ الفاروق، سلطان پورہ روڈ لاہور ۳۹<br>ضخامت :- ۱۶۰ صفحات —— قیمت :- ۵۰/۳ روپے |
|---|---|

خلفائے راشدینؓ کے بعد تاریخ اسلام میں جس شخصیت نے بحیثیت امیر جو کارہائے نمایاں انجام دیئے وہ حضرت امیر معاویہ رضؓ ہیں۔ تقریباً ۲۰ سال تک آپ حکمران رہے۔ اور اس عرصہ میں آپ نے اسلامی فتوحات کا ایک لامتناہی سلسلہ شروع کیا۔ چنانچہ اسلامی ریاست کا بیشتر حصہ آپ ہی کے دور امارت میں اسلام کے زیر نگیں ہوا تھا۔ لیکن بدقسمتی سے بنو عباس اور بنو امیہ کی باہمی روایتی چپقلش کی زد سے آپ بھی محفوظ نہ رہے اور یوں آپ کی بے داغ شخصیت کو داغدار کرنے کی منظم سازش شروع ہوئی جس میں عبداللہ بن سبا یہودی کے ٹولے نے مرکزی کردار ادا کیا۔ مگر ان بیگانوں کے علاوہ بعض نام نہاد یگانوں نے جس انداز سے آپ پر سب وشتم کے تیر چلائے ان کے وار اور بھی گہرے ہیں۔

یوں تو امیر مظلوم رضی اللہ عنہ پر بہت ضخیم اور رسائل کی شکل میں کئی کتابیں منظر عام پر آئی ہیں۔ لیکن زیر تبصرہ کتاب جس کو محترم حافظ نور محمد صاحب انور نے ترتیب دی ہے۔ حضرت الامیرؒ پیر سید نور الحسن شاہ بخاریؒ۔ علامہ دوست محمد قریشی۔ سردار احمد خان پتافی۔ مولانا پیر غلام دستگیر نامی۔ مولانا ضیاء القاسمی۔ مولانا سجاد بخاری۔ مولانا داؤد احمد ہاشمی اور مولانا عنایت اللہ کے تحریر کردہ مضامین کا مجموعہ ہے۔ جو کہ ان کی مذکورہ حضرات نے تنظیم اہلسنت کے آرگن ماہنامہ "دعوت" کے حضرت امیر معاویہؓ نمبر کے لئے لکھے تھے۔ حافظ صاحب نے افادۂ عام کی خاطر ان کو یکجا کر کے ایک بہترین تحفہ اردو دان طبقہ کے لئے تیار کیا ہے۔ جو آپ کو کئی ضخیم اور تاریخ کی کئی جلدوں پر مشتمل کتابوں سے مستغنی کر دے گا

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو عامۃ المسلمین کے لئے مزید سود مند ثابت فرمانے کے ساتھ ساتھ حافظ صاحب کو صحابہ کرامؓ کی محبت کے عوض اجر جزیل عطا فرمائے۔ آمین (م - ا - ف)